آڈٹ بیورو آف سرکولیشن (ABC) وزارت اطلاعات ونشریات سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

DAILY NAWA-E-AHMEDPUR SHARQIA

روزنامہ

نوائے احمد پور شرقیہ

بہاولپور

چیف ایڈیٹر: احسان احمد سحر

ٹیلیفون نمبر: 062-2508053

موبائل: 0301-7740405

ایڈیٹر: اعجاز احمد خان

نیچنگ ایڈیٹر: محمد سلیمان فاروقی

E-mail: nawaiahmedpur@gmail.com, daily.nawaiahmedpur@gmail.com

جلد نمبر 20 | بروز بدھ 11 ل نومبر 2026ء قیمت فی شمارہ 10 روپے زرسالانہ 3 ہزار روپے | شمارہ نمبر 217

چشمہ 5 منصوبے نے مقررہ وقت سے پہلے اہم سنگ میل عبور کرلیا

وزیراعظم

چشمہ 5 پاکستان کا سب سے بڑا جوہری بجلی گھر ہے اور ملک کا ساتواں جوہری بجلی گھر ہوگا، جس کی تعمیر میں چین نے پاکستان کی مدد کی ہے' یہ منصوبہ پاکستان کو صاف، قابل اعتماد اور سستی بجلی فراہم کرنے کی ضمانت ہے' شہباز شریف



میانوالی (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ چشمہ 5 منصوبے کا مقررہ وقت سے پہلے اہم سنگ میل عبور کرنا باعث فخر ہے، پاکستان اپنی محنت، لگن اور اتحاد کو ششوں سے اپنا مستقبل خود تعمیر کرے گا۔ چشمہ فائیو منصوبے سے متعلق تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ چشمہ 5 پاکستان کا سب سے بڑا جوہری بجلی گھر ہوگا۔

بقیہ نمبر 1 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ملک میں سونے کی قیمتوں میں اضافے کے بعد بڑی کمی

کراچی (سی ایم لنکس) ملک میں سونے کی فی تولہ قیمت میں اضافے کے بعد بڑی کمی ہو گئی۔ آل پاکستان جیمز اینڈ جیولرز ایسوسی ایشن کے مطابق فی تولہ سونے کی قیمت 1500 روپے کم ہو

بقیہ نمبر 2 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

الیکشن کمیشن کا الیکشن کمیشن سیکرٹیریٹ اسلام آباد میں خصوصی اجلاس

لوکل گورنمنٹ انتخابات اسلام آباد کے انعقاد اور انتظامات کا جائزہ لیا

اجلاس کی صدارت جناب سکندر سلطان راجہ چیف الیکشن کمشنر نے کی

اسلام آباد (سی ایم لنکس) الیکشن کمیشن کا الیکشن کمیشن سیکرٹیریٹ اسلام آباد میں خصوصی اجلاس ہوا۔ جس میں لوکل گورنمنٹ انتخابات اسلام آباد کے انعقاد اور انتظامات کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کی صدارت سکندر سلطان راجہ چیف

بقیہ نمبر 3 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

کرپشن کے الزام لگانے والے حکومت میں کیوں؟ استعفیٰ دے کر گھر چلے جائیں مریم نواز

جیسے جیسے الیکشن قریب آرہے ہیں کئی لوگوں کو تکلیف ہونا شروع ہوگئی ہے، سب پتہ ہے، ایسے لوگ اگلی بار کیلئے اپنی جگہ پکی کررہے ہوتے ہیں

مجھے پتہ چلا کسی وزیر نے کرپشن کی یا رشوت لی تو اسے نہیں چھوڑوں گی، کئی ہزار ارب کے منصوبوں میں ایک روپے کرپشن بتادیں۔ وزیراعلیٰ پنجاب



جہلم (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ کرپشن کے الزام لگانے والے حکومت میں کیوں بیٹھے ہیں، استعفیٰ دے کر گھر کیوں نہیں جاتے۔ جہلم میں سکالرشپ اور لیپ ٹاپ تقسیم کرنے کی تقریب سے خطاب

بقیہ نمبر 4 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پائیدار لاجسٹکس ہی آگے بڑھنے کا واحد ذریعہ ہے

ماحولیاتی وعدوں کو اب عملی نتائج میں بدلنا ہوگا"

وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان

اسلام آباد (سی ایم لنکس) سی او پی 31 (COP31): پاکستان نے' گلوبل گرین فریٹ راہداریوں' کے اقدام کی توثیق کر دی؛ پائیدار لاجسٹکس کے جامع روڈ میپ کی رونمائی اطالیہ، ترکیہ, نومبر —10 ترکیہ کے شہر انطالیہ میں منعقدہ عالمی ماحولیاتی کانفرنس (COP31) کے دوران " گلوبل گرین فریٹ کوریڈورز انیشیٹو "

بقیہ نمبر 5 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

مشہور میڈیا ایکسپرٹس خالد سعید اور نذیر خالد جرنلسٹس الائنس پاکستان کے کنسلٹنٹ مقرر جرنلسٹس الائنس کا پرجوش خیر مقدم

دونوں میڈیا ایکسپرٹس اپنے طویل تجربے کی روشنی میں جرنلسٹس الائنس پاکستان سے وابستہ پریس کلبوں کے اراکین کے تربیتی پروگراموں میں بھی معاون ثابت ہوں گے



جرنلسٹس الائنس پاکستان کے **کنسلٹنٹس** دائیں سے بائیں کراچی کے خالد سعید اور لاہور کے نذیر خالد کی فائل فوٹوز۔

کراچی +لاہور (پ ر) کراچی میں مقیم مشہور میڈیا ایکسپرٹ ٹوکیو یونیورسٹی جاپان کے سابق ریسرچ کوآرڈینیٹر جناب خالد سعید اور لاہور میں رہائش پزیر جناب نذیر خالد ریٹائرڈ سینئر ڈائریکٹر انفارمیشن ڈیپارٹمنٹ حکومت

بقیہ نمبر 9 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

رانا ثناء اللہ کا اختیارات اور وسائل نچلی سطح تک منتقل کرنے پر زور

اصل مسئلہ نئے صوبوں یا اضافی انتظامی یونٹس کا قیام نہیں بلکہ اختیارات، اتھارٹی اور وسائل کی مؤثر منتقلی کو یقینی بنانا ہے

اسلام آباد (سی ایم لنکس): وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثناء اللہ نے مؤثر طرز حکمرانی اور عوامی فلاح و بہبود کو یقینی بنانے کے لیے فیصلہ سازی کے اختیارات اور مالی وسائل نچلی سطح تک منتقل کرنے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ پیر

بقیہ نمبر 7 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ترکیہ میں کوپ 31 فورم کا انعقاد

، پاکستان کا عالمی سپلائی چینز کو کاربن سے پاک بنانے کے عزم کا اعادہ

اسلام آباد (سی ایم لنکس) ترکیہ میں کوپ 31 فورم کا انعقاد ہوا جس میں پاکستان سمیت مختلف ممالک کے وزراء اور مندوبین نے شرکت کی۔ وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے فورم میں عالمی گرین فریٹ کوریڈورز انیشی ایٹو

بقیہ نمبر 6 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بہاولپور رانا عبدالوہاب کی اپنے دفتر میں کھلی کچہری

منعقدہ کھلی کچہری میں 23 سے زائد شہریوں نے شرکت کی

بہاول پور (پ ر) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بہاولپور رانا عبدالوہاب کی جانب سے شہریوں کے مسائل کے فوری اور میرٹ پر حل کے لیے روزانہ

بقیہ نمبر 8 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

وزیراعظم آپریشن کیسے تھانے نئے جھگڑے چھیڑنے کے بجائے اعتماد بحال کریں بلاول بھٹو

کچھ سیاستدان سمجھتے ہیں امیر طبقے کو ریسیٹ کریں، میں سمجھتا ہوں غریب عوام کو ریسیٹ کریں اس سے ملک ترقی کرے گا، کاروباری اور امیر طبقے کے کہنے پر نہیں بلکہ غریب آدمی کے کہنے پر چلیں تو ملک ترقی کرے گا

پاکستان اور دنیا معاشی بحران سے گزر رہے ہیں، معاشی بحران اور بیروزگاری میں یہ گھر ایک تحفظ فراہم کرتا ہے، ہم نے صرف گھر نہیں بنایا بلکہ لوگوں کو گھر کا مالک بنایا، یہ سب سے بڑا لینڈ ٹرانسفر کا منصوبہ ہے سندھ پیپلز ہاؤسنگ فار فلڈ ری ہیبلیٹیشن کے تحت 10 لاکھ گھروں کی تکمیل کی تقریب سے خطاب



کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی) پی پی پی (بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ ہم سیاست میں عوام کی خدمت کے لیے آئے ہیں ان پر حکمرانی کرنے نہیں آئے۔ سندھ پیپلز ہاسنگ فار فلڈ ری ہیبلیٹیشن کے تحت 10 لاکھ گھروں کی تکمیل کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے بلاول بھٹو نے کہا کہ آج سندھ حکومت نے تاریخ رقم کی ہے، دنیا میں یہ ہاسنگ کا سب سے بڑا منصوبہ ہے۔ بلاول بھٹو نے کہا کہ پاکستان اور دنیا معاشی بحران سے گزر رہے ہیں، معاشی بحران اور بیروزگاری میں یہ گھر ایک تحفظ فراہم کرتا ہے، ہم نے صرف گھر نہیں بنایا بلکہ لوگوں کو گھر کا مالک بنایا، یہ سب سے بڑا لینڈ ٹرانسفر کا منصوبہ ہے۔ چیئرمین پی پی پی نے کہا کہ جن کے پاس مالکانہ حقوق نہیں تھے ان کو مالک بنایا، گھر کی خواتین کے پاس مالکانہ حقوق اور بینک اکاونٹ بھی ہے، یہ صرف گھر بنانے کا منصوبہ نہیں

بقیہ نمبر 10 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

خاور مانیکا تشدد کیس: پی ٹی آئی حامی وکلا کیخلاف فرد جرم کل عائد ہوگی

اسلام آباد (سی ایم لنکس) خاور مانیکا تشدد کیس میں ملزمان پی ٹی آئی حامی وکلا کے خلاف فرد جرم کل عائد ہوگی۔ انسداد دہشت گردی

بقیہ نمبر 12 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

علامہ اقبال کا فلسفہ ایک ہمہ گیر فکری نظام ہے، پروفیسر ڈاکٹر اسلم ادیب

اقبال کی فکر کو نئی نسل تک منتقل کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے

بہاول پور (پ ر) علامہ اقبال کا فلسفہ ایک ہمہ گیر فکری نظام ہے جو فرد کی تعمیر سے لے کر اجتماعی زندگی کی تشکیل تک رہنمائی فراہم کرتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار پرو ریکٹر نیشنل کالج آف بزنس ایڈمنسٹریشن اینڈ اکنامکس، بہاولپور، پروفیسر ڈاکٹر اسلم ادیب نے پنجاب کونسل آف دی آرٹس، بہاولپور ڈویژن کے زیر اہتمام شاعر مشرق علامہ

بقیہ نمبر 11 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں



لاہور: صوبائی وزیر صنعت وتجارت چوہدری شافع حسین کا پاکستان مسلم لیگ کے رہنماؤں کے ہمراہ گروپ فوٹو۔

وزیراعظم محمد شہباز شریف COP-31 سربراہی کانفرنس میں شرکت کیلئے ترکیہ روانہ

وزیراعظم 11 نومبر کو عالمی رہنماؤں کے سربراہی اجلاس سے خطاب کریں گے

لاہور (سی ایم لنکس) وزیراعظم محمد شہباز شریف اقوام متحدہ کے فریم ورک کنونشن برائے موسمیاتی تبدیلی (UNFCCC) کی 31 ویں کانفرنس (COP-31) کے عالمی رہنماؤں کے سربراہی اجلاس میں شرکت کے لیے 10 سے 12 نومبر 2026 تک ترکیہ کے شہر انطالیہ کا دورہ کررہے ہیں۔ پاکستان پیپلز پارٹی کی رہنماء سینیٹر

بقیہ نمبر 15 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

امریکی صدر نے نیٹلی بیکر کو پاکستان میں نیا سفیر نامزد کردیا

جس کے بعد نیٹلی بیکر کی نامزدگی منظوری کے لیے سینیٹ کو بھیج دی گئی

واشنگٹن (سی ایم لنکس) امریکی صدر ٹرمپ نے ناظم الامور نیٹلی بیکر کو پاکستان میں نیا سفیر نامزد کردیا۔ وائٹ ہاؤس کے مطابق امریکی صدر نے نیٹلی بیکر کو پاکستان میں امریکا کی نئی سفیر نامزد کیا ہے جس کے بعد نیٹلی بیکر کی نامزدگی منظوری کے لیے سینیٹ کو بھیج دی گئی ہے۔ واضح رہے کہ نیٹلی بیکر نے جنوری 2025 میں اسلام

بقیہ نمبر 18 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

سندھ میں سیلاب متاثرین کے لیے 10 لاکھ گھروں کی تعمیر مکمل کرلی

21، لاکھ گھروں کا ہدف مقرر ہے۔: مراد علی شاہ

کراچی (سی ایم لنکس) سندھ میں سیلاب متاثرین کے لیے 10 لاکھ گھروں کی تعمیر مکمل کرلی، 21 لاکھ گھروں کا ہدف مقرر ہے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سید مراد علی شاہ کا کہنا تھا کہ سندھ میں سیلاب کے باعث بڑے پیمانے پر تباہی ہوئی اور لوگوں کے گھر تباہ ہوگئے۔ انہوں نے کہا کہ متاثرین کی بحالی کے عمل


بقیہ نمبر 19 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

آروائی کے شوگر ملز رکن آباد جن پور میں کرشنگ سیزن 27-2026 کے آغاز کیلئے تیاریاں

جنرل منیجر کین ندیم حیدر چوہدری نے فیلڈ اسٹاف کو زمینداروں سے مسلسل رابطے اور معیاری گنے کی فراہمی کے لیے ہدایات جاری کردیں

جن پور (نامہ نگار) آروائی کے شوگر ملز رکن آباد جن پور میں کرشنگ سیزن 27-2026 کے آغاز کے لیے تیاریاں تیز کردی گئی ہیں۔ جنرل منیجر کین ندیم حیدر چوہدری نے کین آفیسران کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے فیلڈ اسٹاف کو زمینداروں سے مسلسل رابطے میں رہنے اور معیاری گنے کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے اہم ہدایات جاری کردیں تفصیلات کے مطابق جی ایم

بقیہ نمبر 17 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں



لودھراں: ڈپٹی کمشنر محمد اشرف گورنمنٹ ہائی سکول گگن ہٹہ دورہ کے دوران سٹاف رجسٹرڈ کا معائنہ کررہے ہیں۔

بلوچستان کے ضلع کیچ میں سیکورٹی فورسز کا آپریشن، 2 دہشت گرد ہلاک

کوئٹہ (سی ایم لنکس) سیکورٹی فورسز نے بلوچستان کے ضلع کیچ میں آپریشن کرکے 2 دہشت گردوں کو ہلاک کردیا۔ سیکورٹیز رائع کے مطابق سیکورٹی فورسز نے بلوچستان کے ضلع کیچ کے علاقے دشت، ہال نگور میں خفیہ اطلاعات کی بنیاد پر انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیا جس دوران فائرنگ کے شدید تبادلے میں 2 دہشت گرد مارے

بقیہ نمبر 16 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

شاہ محمود قریشی طبی معائنے کیلئے کوٹ لکھپت جیل سے پی آئی سی منتقل

لاہور (سی ایم لنکس) کوٹ لکھپت جیل میں قید پاکستان تحریک انصاف کے سینئر رہنما اور سابق وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی کو مختلف طبی ٹیسٹوں

بقیہ نمبر 28 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پنجاب میں بلدیاتی الیکشن: کیس جلد سماعت کیلئے مقرر کرنے کی درخواست منظور

جسٹس سلطان تنویر احمد نے شیخ امتیاز محمود اور دیگر کی درخواستوں پر سماعت کی

لاہور (سی ایم لنکس) لاہور ہائیکورٹ نے پنجاب میں بلدیاتی انتخابات غیر جماعتی بنیادوں پر کرانے کیخلاف درخواستوں پر کیس جلد سماعت کیلئے مقرر کرنے کی متفرق درخواست منظور کرلی۔ جسٹس سلطان تنویر احمد نے شیخ امتیاز محمود اور دیگر کی درخواستوں پر سماعت کی۔ عدالت نے آفس ہائی کورٹ کو 10 روز کے اندر میں کیس

بقیہ نمبر 27 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

وزیراعظم محمد شہباز شریف 10 سے 12 نومبر تک ترکیہ کے شہر انطالیہ کا دورہ کریں گے، دفتر خارجہ

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وزیراعظم محمد شہباز شریف 10 سے 12 نومبر تک ترکیہ کے شہر انطالیہ کا دورہ کریں گے جہاں وہ اقوام متحدہ کے فریم ورک کنونشن برائے موسمیاتی تبدیلی (یو این ایف سی سی) کے تحت کوپ 31 کانفرنس کے عالمی رہنماؤں کے سربراہی اجلاس میں شرکت

بقیہ نمبر 32 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پاکستان ایک سال کے اندر منہ کھر کی ویکسین کی تیاری کی سہولت قائم کرے گا؛ ترکیہ کو گوشت برآمد کرنے کا ارادہ

اسلام آباد (سی ایم لنکس) پاکستان اور ترکیہ نے مویشی بانی کے شعبے میں دوطرفہ تعاون کو مزید مستحکم بنانے پر اتفاق کیا ہے، بالخصوص منہ کھر کی بیماری (ایف ایم ڈی) پر قابو پانے، ویکسین کی تیاری، مویشی بانی کے فروغ اور گوشت کی برآمدات کے شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔ یہ اتفاق رائے وفاقی وزیر برائے قومی

بقیہ نمبر 31 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

کنٹونمنٹ بورڈز میں بلدیاتی انتخابات، الیکشن کمیشن نے فیصلہ محفوظ کرلیا

چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ کی سربراہی میں پانچ رکنی کمیشن نے کیس کی سماعت کی

اسلام آباد (سی ایم لنکس) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے کنٹونمنٹ بورڈز میں بلدیاتی انتخابات کے انعقاد سے متعلق کیس کا فیصلہ محفوظ کر لیا۔ چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ کی سربراہی میں پانچ رکنی کمیشن نے کیس کی سماعت کی، جس

بقیہ نمبر 29 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں



لودھراں: ڈپٹی کمشنر محمد اشرف لوگوں کے مسائل سن رہے ہیں۔

خیبر پختونخوا میں 10 سے 14 نومبر تک بارش اور برف باری کا الرٹ جاری

چترال، دیر، سوات، ملاکنڈ، کوہستان، مانسہرہ اور ایبٹ آباد میں بارش متوقع ہے

پشاور (سی ایم لنکس) خیبر پختونخوا کے بالائی اور میدانی علاقوں میں 10 سے 14 نومبر تک بارشوں اور تیز ہواؤں کا امکان ہے، پی ڈی ایم اے نے الرٹ جاری کردیا۔ پی ڈی ایم اے کے مطابق چترال، دیر، سوات، ملاکنڈ، کوہستان،

بقیہ نمبر 30 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

معروف زرعی سائنسدان ڈاکٹر عطاء اللہ خان کی سعودی عرب میں بین الاقوامی کانفرنس میں شرکت کے بعد واپسی

دوست احباب کی انہیں زرعی کانفرنس میں شرکت اور عمرہ کی سعادت حاصل کرنے پر مبارک باد



احمد پور شرقیہ (نامہ نگار) ملک کے معروف زرعی سائنسدان ڈاکٹر عطاء اللہ خان سعودی عرب میں منعقدہ بین الاقوامی کانفرنس میں شرکت کے بعد واپس بہاول پور پہنچ گئے۔ تفصیل کے مطابق ملک کے معروف زرعی سائنسدان ڈاکٹر عطاء اللہ

بقیہ نمبر 13 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

عمران خان، بشریٰ بی بی کی وکلا سے ایک گھنٹے تک ملاقات کروانے کا حکم

اسلام آباد ہائیکورٹ کے چیف جسٹس سرفراز ڈوگر کی سربراہی میں دورکنی بینچ نے سماعت کی

اسلام آباد (سی ایم لنکس) اسلام آباد ہائیکورٹ نے سابق وزیراعظم عمران خان کے وکیل سلمان صفدر اوران کی اہلیہ بشریٰ بی بی کے

بقیہ نمبر 14 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ڈی پی او کی ہدایات پر جرائم پیشہ عناصر، منشیات فروشوں اور غیر قانونی اسلحہ رکھنے والوں کیخلاف بھرپور کارروائیاں

رواں ماہ میں اب تک بہاولپور پولیس نے جدید ٹیکنالوجی اور پیشہ وارانہ مہارت سے اے کیٹگری 07 اور بی کیٹیگری کے 103 مجرمان اشتہاریوں کو گرفتار کیا

منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیوں میں 631 گرام کرسٹل آئس، 4120 گرام چرس 948 لیٹر شراب، 60 لیٹر ہن اور 01 عدد چالو بھٹی برآمد کی گئی

حاصل پور (نامہ نگار) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر رانا عبدالوہاب کی ہدایات پر جرائم پیشہ عناصر، منشیات فروشوں اور غیر قانونی اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف بھرپور کارروائیاں جاری ہیں۔ ماہ نومبر میں اب تک بہاولپور پولیس نے نمایاں کامیابیاں حاصل کیں تفصیلات کے مطابق رواں ماہ میں اب تک بہاولپور پولیس نے جدید ٹیکنالوجی اور پیشہ وارانہ مہارت سے اے

بقیہ نمبر 26 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر رانا عبدالوہاب کے احکامات مختلف کارروائیوں میں متعدد ملزمان گرفتار، بھاری مقدار میں شراب، منشیات اور اسلحہ جائزہ آمد

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں نمایاں کمی کے باوجود ٹرانسپورٹ کرایوں اور اشیائے خوردونوش کی قیمتیں کم نہ ہوسکیں

ٹرانسپورٹ کرایوں، سبزیوں، پھلوں اور دیگر اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں کمی یقینی بنانے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں اعلیٰ حکام سے مطالبہ

چنی گوٹھ (نامہ نگار) پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں تقریباً 50 روپے فی لیٹر تک نمایاں کمی کے باوجود ٹرانسپورٹ کرایوں اور اشیائے خوردونوش کی قیمتیں کم نہ ہوسکیں، جس کے باعث عوام بدستور مہنگائی کے بوجھ تلے دبے ہوئے ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے ساتھ ہی کرایوں اور روزمرہ استعمال کی اشیا کی قیمتیں بڑھا دی جاتی

بقیہ نمبر 22 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

سابق ایم پی اے عبدالمجید اچکزئی کو 10 سال قید بامشقت کا حکم

کوئٹہ (سی ایم لنکس) بلوچستان ہائیکورٹ نے سابق ایم پی اے عبدالمجید اچکزئی کو ٹریفک

بقیہ نمبر 20 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

وزیراعظم شہباز شریف کا ترکیہ میں آئرن اینڈ سٹیل پلانٹ میں دھماکے سے جانی نقصان پر افسوس کا اظہار

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ترکیہ کے شہر ازمیر کے علاقے علی آغا میں آئرن اینڈ سٹیل پلانٹ میں دھماکے سے جانی نقصان پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا

بقیہ نمبر 21 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

تربیلا ڈیم کے مرکزی ڈھانچے کو کوئی خطرہ نہیں

چیئرمین واپڈا کا پانچویں توسیعی منصوبے کا دورہ

صوابی (سی ایم لنکس) چیئرمین واپڈا

بقیہ نمبر 23 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر رانا عبدالوہاب کھلی کچہری کے موقع پر شہریوں کے مسائل دریافت کررہے ہیں۔

بزنس اینڈ ایگریکلچر لون سے ملازمتوں کے مواقع پیدا ہورہے ہیں

چیئرمین وزیراعظم یوتھ پروگرام کی پریس کانفرنس

اسلام آباد (سی ایم لنکس) چیئرمین وزیراعظم یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خاں نے کہا ہے کہ نوجوانوں کو ترقی کے یکساں مواقع فراہم کررہے ہیں، بزنس اینڈ ایگریکلچر لون سے ملازمتوں کے مواقع پیدا ہورہے ہیں، رواں سال نوجوانوں کے لیے 292 ارب روپے کے قرضے دیئے جائیں گے۔ منگل کو یہاں پریس کانفرنس میں

بقیہ نمبر 25 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

علامہ اقبال کی بصیرت آفروز شاعری کے پاکستان کی قومی تاریخ اور شناخت پر انمٹ نقوش ہیں

امریکا میں پاکستان کے سفیر رضوان سعید شیخ کا یوم اقبال کی تقریب سے خطاب

واشنگٹن (سی ایم لنکس) امریکا میں پاکستان کے سفیر رضوان سعید شیخ نے کہا ہے کہ شاعر مشرق علامہ اقبال نے اپنی شاعری، افکار اور تصانیف کے ذریعے برصغیر کے مسلمانوں میں خودی، خود مختاری اور خود ارادیت کا شعور بیدار کیا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے علامہ محمد اقبال کے یوم ولادت کے موقع پر واشنگٹن میں پاکستان کے سفارت خانہ میں منعقدہ خصوصی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ علامہ اقبال

بقیہ نمبر 24 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور میں انجینئرنگ سائنس اور ٹیکنالوجی میں ابھرتے ہوئے رجحانات کے موضوع پر منعقدہ بین الاقوامی کانفرنس کے موقع پر وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد کامران شرکا کے ہمراہ۔

واس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد کامران اور دیگر مقررین اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور میں انجینئرنگ سائنس اور ٹیکنالوجی میں ابھرتے ہوئے رجحانات کے موضوع پر منعقدہ بین الاقوامی کانفرنس کے افتتاحی اجلاس سے خطاب کررہے ہیں۔

ایک دام

نشاط نیبرکس

پروپرائیٹر میاں خالد اینڈ سنز

آپ کا اعتماد..... ہماری پہچان

نزد رسول پلازہ ڈیرہ نواب روڈ

میاں بلال خالد 0332-6263802– میاں عمر خالد 0331-7567242

جینٹس ورائٹی، یامین، زین جی، اپ ٹائم، رواج، کرینٹ، کراؤن، پوری، نارکنز لیڈیز ورائٹی، بن الیاس، ایڈن روب، رنگ رسیہ، ایمان عدیل، علیزے، زل بری، شنائیل، میرین کلاسک، بن وحید، بن سعید، پیری ڈوٹ، موٹفز، شادی بیاہ کی اعلیٰ ترین ورائٹی آپ کی پسند کے مطابق دستیاب ہے۔

آپ کا اعتماد..... ہمارا معیار

نشاط آوٹ فٹ

ہمارے ہاں

بن سعید | سکس برو | کارلو کلب

مسٹر ہارون | آئی پی | ایم پی

زارا | نائیک | پولو

فورکڈز | بیس | بینگو

کڈز | بے بی بابا | کرتا شلوار

میاں حمزہ خالد

0300-4655291

فراک کی اعلیٰ ترین ورائٹی دستیاب ہے

پینٹ شرٹ ہر سائز میں خرید فرمائیں۔

شاپ نمبر 1 جنگو پلازہ ڈیرہ نواب روڈ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

Muslim Public High School

مسلم پبلک ہائی سکول

(بوائز اینڈ گرلز)

پرنسپل : محمد اسماعیل فاروقی

ایم اے ایل ایل بی

0300-8884846

کچہری روڈ احمد پور شرقیہ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

Ahmedpur Public High School

احمد پور پبلک ہائی سکول

(بوائز اینڈ گرلز)

کنگن روڈ احمد پور شرقیہ

پرنسپل محمد یوسف فاروقی

بی اے ایل ایل بی

0301-8688787

EFA School System

ایفا سکول سسٹم

نرسری تا نہم

پنجاب گروپ آف کالجز کا تعلیمی منصوبہ

پرنسپل: محمد سلیمان فاروقی

نزد پنجاب کالج فنچی موڑ احمد پور شرقیہ

اب نئی انتظامیہ کے ساتھ

The Educators

دی ایجوکیٹرز

نرسری تا پنجم

بین ہاؤس سکول سسٹم کا پراجیکٹ

عثمان کیمپس

سیٹلائٹ ٹاؤن بالمقابل مدینہ مسجد

نزد مسجد العزیز حمزہ ٹاؤن احمد پور شرقیہ

Punjab College (Ahmedpur East)

پنجاب کالج

(احمد پور شرقیہ)

F.Sc | I.C.S. | FA(IT)

BS | BS | BS (Computer Scienic)

بوائز اور گرلز کیلئے علیحدہ علیحدہ کیمپس

قنچی موڑ ڈیرہ نواب روڈ احمد پور شرقیہ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

Al Saleem Public School

السلیم پبلک سکول (رجسٹرڈ)

(نرسری تا میٹرک)

(بوائز اینڈ گرلز)

پرنسپل وڈائریکٹر

ارشد سلیم

نزد ہائی وے مسافر خانہ

کے ایل پی روڈ مسافر خانہ تحصیل بہاولپور صدر ضلع بہاولپور

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

پبلک ہائیر سیکنڈری

احمد پور سکول

بوائز اینڈ گرلز

نرسری تا میٹرک

6 کنال رقبہ پر مشتمل سکول کیمپس

پرنسپل: محمد سلیمان فاروقی

ایم اے، بی ایڈ، ایل ایل بی

0300-8688787

بقیہ نمبر 01

ساتواں جوہری بجلی گھر ہوگا، جس کی تعمیر میں چین نے پاکستان کی مدد کی ہے۔انہوں نے کہا کہ یہ منصوبہ پاکستان کو صاف، قابل اعتماد اور سستی بجلی فراہم کرنے کی ضمانت ہے۔توانائی کا تحفظ عوام اور معیشت کے لیے انتہائی اہم ہے، جبکہ پاکستان موسمیاتی تبدیلیوں سے متاثر ہونے والے ممالک میں شامل ہے۔ ماحول کے تحفظ کے ساتھ معاشی ترقی ہماری ترجیح ہے۔وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان کی ترقی کی بنیاد امن، سلامتی اور استحکام ہے۔مسلح افواج نے ملک میں امن واستحکام کے قیام میں کلیدی کردار ادا کیا۔فیلڈ مارشل کی متحرک قیادت میں مسلح افواج نے معرکہ حق میں جرات اور پیشہ ورانہ مہارت کا مظاہرہ کیا۔شہباز شریف نے معیشت کی بحالی اور سماجی واقتصادی ترقی کے لیے فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی حمایت کو بھی قابل تحسین قرار دیا۔پاکستان اور چین کی دوستی کا ذکر کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ دونوں ممالک کی دوستی ہر آزمائش پر پوری اتری ہے۔پاکستان چین کے صدر شی جن پنگ اور حکومت چین کا شکر گزار ہے۔چینی انجینئرز نے پاکستانی ماہرین کے شانہ بشانہ کام کیا۔انہوں نے کہا کہ پاکستان اور چین کی دوستی ہمالیہ سے بلند، سمندر سے گہری اور فولاد سے زیادہ مضبوط ہے۔سی پیک کا دوسرا مرحلہ دونوں ممالک کی شراکت داری کو مزید مضبوط کرے گا۔وزیراعظم کا کہنا تھا کہ چشمہ فائیو منصوبہ معاشی مواقع پیدا کرنے اور روشن مستقبل کی تعمیر میں اہم کردار ادا کرے گا۔میانوالی کے عوام نے اس عظیم منصوبے کی فراخدلی سے میزبانی کی، چشمہ پاکستان اور میانوالی کے عوام کا فخر ہے۔شہباز شریف نے کہا کہ قائداعظم کے خوابوں کے مطابق معاشی طور پر مضبوط اور خودمختار پاکستان تعمیر کرنا ہے۔پاکستان کو خوشحال، پرامن اور مضبوط ملک بنانا ہمارا مشترکہ عزم ہے۔

بقیہ نمبر 02

کر 4 لاکھ 30 ہزار 836 روپے ہو گئی۔اسی طرح 10 گرام سونے کا بھاؤ 1286 روپے کم ہو کر 3 لاکھ 38 ہزار 603 روپے ہو گیا۔ایسوسی ایشن کے مطابق عالمی بازار میں سونے کا بھاؤ 15 ڈالر کم ہو کر 4083 ڈالر فی اونس ہو گیا۔واضح رہے کہ گزشتہ روز فی تولہ سونے کی قیمت میں 3200 روپے کا اضافہ ہوا تھا۔

بقیہ نمبر 03

الیکشن کمشنر نے کی۔اجلاس میں معزز ممبران الیکشن کمیشن، مسٹر احمد رضا سرور سیکرٹری وزارت داخلہ، لیفٹیننٹ (ریٹائرڈ) سہیل اشرف چیف کمشنر اسلام آباد، مسٹر کامران علی چیمہ ڈسٹرکٹ ریٹرننگ آفیسر اسلام آباد، ایس ایس پیز آپریشنز، ایڈمن وسکیورٹی اسلام آباد اور دیگر سینئر افسران نے شرکت کی۔میٹنگ کے دوران الیکشن کمیشن کو اسلام آباد لوکل گورنمنٹ سسٹم، مختلف سیٹوں پر انتخابات کے طریقہ کار، انتخابات کے انعقاد سے متعلق الیکشن کمیشن کی طرف سے اب تک کیئے گئے اقدامات پر بریف کیا گیا اور الیکشن کمیشن کو بتایا گیا کہ کاغذات نامزدگی جمع کروانے کا پہلا مرحلہ مکمل ہو چکا ہے۔جس میں 3505 امیدواروں نے کاغذات جمع کروائے جس میں 110 خواتین بھی شامل ہیں اور کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال کل مورخہ 11 نومبر سے شروع ہوگی۔ مزید یہ کہ الیکشن کمیشن کی طرف سے تمام الیکشن میٹیریل کی خریداری کا عمل مکمل ہو چکا ہے اور بیلٹ پیپروں کی پرنٹنگ کے انتظامات بھی مکمل ہیں۔الیکشن کمیشن تمام متعلقہ اداروں سے رابطے میں ہے اور الیکشن کے انعقاد کیلئے تیار ہے۔سیکرٹری وزارت داخلہ نے الیکشن کمیشن کو بریف کیا کہ وزارت داخلہ تمام متعلقہ اداروں سے رابطے میں ہے اور اسلام آباد میں لوکل گورنمنٹ انتخابات کے پُرامن انعقاد کیلئے الیکشن کمیشن کو ہر ممکن معاونت فراہم کرے گی۔ چیف کمشنر اسلام آباد نے الیکشن کمیشن کو بتایا کہ تمام ریٹرننگ افسران کو ہدایات جاری کردی گئی ہیں کہ الیکشن کمیشن کے الیکشن پروگرام کے مطابق اپنے فرائض آئین وقانون کے مطابق سرانجام دیں۔لسٹ آف پولنگ سٹیشنز، ٹرانسپورٹیشن پلان اور سکیورٹی پلان کی تیاری پر کام جاری ہے۔جونہی پولنگ سٹیشن کی لسٹ شائع کی جائے گی اور ٹرانسپورٹیشن اور سکیورٹی پلان مکمل ہوتا ہے۔الیکشن کمیشن کو اس کی کاپیاں مہیا کی جائیں گی۔بلدیاتی انتخابات کے انعقاد کیلئے فول پروف انتظامات کو یقینی بنایا جائے گا۔ڈسٹرکٹ ریٹرننگ آفیسر نے کمیشن کو بتایا کہ وہ الیکشن کے تمام مراحل کی خودنگرانی کررہے ہیں اور ٹرانسپورٹیشن پلان کو بھی حتمی شکل دی جارہی ہے تاکہ انتخابی عملہ کو مکمل سہولت اور سکیورٹی فراہم کی جائے۔اس موقع پر ایس ایس پی آپریشنز نے الیکشن کمیشن کو بریف کیا کہ امن وامان برقرار رکھنے کے لیے پندرہ ہزار اہلکار تعینات کیئے جائیں گے، جبکہ اضافی درکار نفری پنجاب سے منگوائی جائے گی۔کمیشن نے اسلام آباد انتظامیہ سے سکیورٹی اور ٹرانسپورٹ پلان جمع کرانے کو کہا۔چیف الیکشن کمشنر نے انتخابات کے دوران سکیورٹی کے مؤثر انتظامات یقینی بنانے کی ہدایت کی۔انہوں نے ڈسٹرکٹ مانیٹرنگ آفیسر کو بھی ہدایت کی کہ ضابطہ اخلاق پر سختی سے عمل درآمد کرائے۔انہوں نے واضح کیا کہ اس سلسلے میں کوئی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔مزید انہوں نے ریجنل الیکشن کمشنر راولپنڈی اور ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر اسلام آباد کو انتظامیہ، ڈسٹرکٹ ریٹرننگ آفیسر اور ریٹرننگ آفیسروں سے مکمل تعاون کی ہدایات جاری کیں۔اور انہیں انتخابات کے ہر مرحلہ پر الیکشن کمیشن کو آگاہ کرنے کی بھی تلقین کی۔

بقیہ نمبر 04

کرتے ہوئے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا کہنا تھا کہ جیسے جیسے الیکشن قریب آ رہے ہیں کئی لوگوں کو تکلیف ہونا شروع ہو گئی ہے، ایسے لوگ جہاں سے اٹھ کر آئے ہوتے ہیں سب پتہ ہے، ایسے لوگ اگلی بار کیلئے اپنی جگہ پکی کر رہے ہوتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ کیا سندھ، بلوچستان اور خیبرپختونخوا میں کرپشن نہیں ہے؟ خیبر پختونخوا میں تو کرپشن کا پورا ایک نیٹ ورک تھا، پنجاب واحد صوبہ ہے جہاں کی وزیراعلیٰ روزانہ کرپشن کے واقعات بے نقاب کرتی ہیں۔ان کا کہنا تھا کہ مجھے پتہ چلا کسی وزیر نے کرپشن کی یا رشوت لی تو اسے نہیں چھوڑوں گی، کئی ہزار ارب کے منصوبوں میں ایک روپے کرپشن بتا دیں۔مریم نواز نے کہا کہ پنجاب کی وزیراعلیٰ مظلوم کے ساتھ کھڑی ہے، ایک خاتون کو دکان مالک نے تھپڑ مارے، متاثرہ خاتون کو تھانے بلا کر میں نے کہا اس مالدار کے منہ پر زوردار تھپڑ مارو، آج نوجوانوں کے ہاتھوں میں پٹرول بم یا پتھر نہیں ہیں، نوجوانوں کے ہاتھوں میں لیپ ٹاپ ہیں۔وزیراعلیٰ کا کہنا تھا کہ میرے آج کے ہیروز اور سپر ہیروز ہونہار طلبا ہیں، جن کی محنت اور کوششیں انہیں کامیابی کے اس مقام تک لائی ہیں، طلبا کے خواب پورے ہو رہے ہیں اور ان کی کامیابی پر والدین بھی اتنے ہی خوش ہیں جتنے خود بچے ہیں، انہوں نے والدین کی محنت، قربانیوں اور کوششوں کو بھی خراج تحسین پیش کیا۔انہوں نے کہا کہ جہلم کی سرکاری یونیورسٹی کے 115 طلبا اور نرسنگ کالج کی 42 طالبات میں لیپ ٹاپ تقسیم کئے گئے، جبکہ 109 طلبہ کو تقریباً 25 لاکھ روپے کے ہونہار سکالرشپس دیئے گئے، لیپ ٹاپ، فون اور سکالرشپس طلبا کا حق ہیں اور یہ ان کی اپنی محنت کا صلہ ہے، طلبا کو ان کی محنت کا حق ملنا چاہیے۔ان کا کہنا تھا کہ تعلیم پر سرمایہ کاری دراصل قوم کے مستقبل پر سرمایہ کاری ہے اور ہر بچہ پاکستان کا مستقبل ہے، وہ چاہتی ہیں کہ نوجوان اپنی قابلیت سے ملک اور اپنی مٹی کا نام روشن کریں۔اس موقع پر مریم نواز نے سکوٹیز حاصل کرنے والی طالبات کو ہدایت کی کہ وہ اپنی حفاظت کیلئے ہیلمٹ لازمی پہنیں، بچیوں کو مکمل ڈرائیونگ ٹریننگ بھی دی جائے گی، کیونکہ والدین نے انہیں بہت محبت سے پالا ہے اور انہیں اپنی جان اور سلامتی کا خیال رکھنا چاہیے۔انہوں نے کہا کہ بڑی تعداد میں سکوٹیز تیار ہونے کے باعث تقسیم میں تاخیر ہوئی، تاہم بہت جلد سکوٹیز کی پہلی تقسیم شروع ہو جائے گی۔وزیراعلیٰ نے نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ گمراہ کن باتوں کے بجائے حقائق جانیں اور اپنی قابلیت وکامیابیوں کے ذریعے ملک کی ترقی میں کردار ادا کریں، وہ نوجوانوں کے ہاتھوں میں پاکستان کا پرچم دیکھنا چاہتی ہیں۔

بقیہ نمبر 05

کے اعلیٰ سطحی وزارتی گول میز اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے، وفاقی وزیر مواصلات عبد العلیم خان نے عالمی سپلائی چینز کو آلودگی سے پاک کرنے اور ماحولیاتی تبدیلیوں کا مقابلہ کرنے والے پائیدار لاجسٹکس انفراسٹرکچر کی تعمیر کے لیے پاکستان کے پختہ عزم کا اعادہ کیا ہے۔ترکیہ کے وزیر برائے ٹرانسپورٹ و انفراسٹرکچر عبدالقادر اورال اوغلو، اقوام متحدہ کے اقتصادی کمیشن برائے یورپ (UNECE) اور اقتصادی وسماجی کمیشن برائے ایشیاو بحرالکاہل (ESCAP) کے مشترکہ اہتمام میں منعقدہ اس اجلاس میں پائیدار نقل وحمل کے حل کے لیے دنیا بھر سے اعلیٰ قیادت نے شرکت کی۔اپنے کلیدی خطاب میں وفاقی وزیر عبد العلیم خان نے نشاندہی کی کہ بین الاقوامی فریٹ ترسیل عالمی تجارت کے لیے رگ جان کی حیثیت رکھتی ہے، لیکن یہ ترسیلات آب و ہوا کو نقصان پہنچانے والی گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کا تیزی سے بڑھتا ہوا ذریعہ بھی ہے۔انہوں نے زور دیا کہ اقتصادی ترقی اور ماحولیاتی تحفظ ایک دوسرے سے جڑے ہوئے اہداف ہیں، اور اس اقدام کا آغاز اس بات کی دلیل ہے کہ پائیدار لاجسٹکس ہی آگے بڑھنے کا واحد ذریعہ ہے۔ان کا کہنا تھا کہ سی او پی 31 کے مقاصد کو سامنے رکھتے ہوئے دنیا بھر کو ماحولیاتی وعدوں کو عملی، سرحد پار نتائج میں بدلنے پر توجہ مرکوز کرنی ہوگی۔پاکستان کی اہم جغرافیائی موقعیت کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے بتایا کہ چین، وسطی ایشیا اور مشرق وسطیٰ کو جوڑنے والا پاکستان 5 لاکھ کلومیٹر سے زائد سڑکوں، 7,800 کلومیٹر طویل ریلوے نیٹ ورک، عمیق بندرگاہوں اور سی پیک (CPEC) جیسے عظیم الشان تجارتی راستوں کا حامل ہے۔ملک کے اندر 96 فیصد سامان کی ترسیل سڑکوں کے ذریعے ہونے سے قومی وسائل اور فضا پر پڑنے والے بوجھ کو کم کرنے کے لیے پاکستان نے کثیر الجہتی منتقلی کا جامع منصوبہ تیار کیا ہے۔اس منصوبے میں "ریلوے پلان "2026" کے تحت ایم ایل-1 (ML-1) کی جدید کاری کے ذریعے سامان کی ریل سے ترسیل کا حصہ 20 فیصد تک بڑھانا، "قومی الیکٹرک وہیکل پالیسی 2025-30" کے تحت مرکزی راہداریوں پر 3,000 ای وی چارجنگ اسٹیشنز کا قیام، اور سمندری بندرگاہوں پر کی جانے والی اصلاحات شامل ہیں۔اقوام متحدہ کے "ٹی آئی آر (TIR) کنونشن" کے تحت پاکستان کی ڈیجیٹل سرحد پار ترسیل کا ذکر کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے انکشاف کیا کہ ٹی آئی آر ترسیلات میں 200 فیصد کا تاریخی اضافہ ہوا ہے، جس سے پاکستان علاقائی تجارت کو آسان بنانے والے سرفہرست ممالک میں شامل ہو گیا ہے۔پاکستان سنگل ونڈو" اور اقوام متحدہ کے "ای-ٹی آئی آر (eTIR)" منصوبے کے ذریعے کاغذ کے بغیر، کم ترین آلودگی والے عالمی لاجسٹکس نظام کو فروغ دیا جارہا ہے۔ان منصوبوں کی مالی معاونت کے لیے پاکستان سرکاری ترقیاتی پروگرام (PSDP)، ایشیائی ترقیاتی بینک (ADB)، ایشیائی انفراسٹرکچر انویسٹمنٹ بینک (AIIB) اور پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے ذریعے ایم-6 موٹروے اور ایم ایل-1 جیسے اہم منصوبوں کو آگے بڑھا رہا ہے۔وفاقی وزیر مواصلات عبد العلیم خان نے پاک ٹیکنالوجی، ڈیجیٹل کنیکٹیویٹی، سمارٹ روٹ پلاننگ اور کلائمیٹ فنانس کے چاروں بنیادی ستونوں پر 'گلوبل گرین فریٹ کوریڈورز انیشیٹو' کی باقاعدہ توثیق کرتے ہوئے بین الاقوامی برادری کو پائلٹ گرین راہداریوں پر مشترکہ کام کرنے کی دعوت دی تاکہ ماحولیاتی تحفظ کے خواب کو حقیقت کا روپ دیا جاسکے۔

بقیہ نمبر 06

سے خطاب کرتے ہوئے عالمی سپلائی چینز کو کاربن سے پاک اور پائیدار بنانے کے لیے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا۔عبدالعلیم خان کا کہنا تھا کہ اقتصادی ترقی اور ماحولیاتی تحفظ باہم متضاد نہیں بلکہ ایک دوسرے کے مددگار ہیں۔عالمی موسمیاتی تبدیلیوں کو ٹھوس اور سرحد پار عملی نتائج میں تبدیل کرنا وقت کی ضرورت ہے۔وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان چین، وسطی ایشیا اور مشرق وسطی کے درمیان ایک اہم علاقائی تجارتی پل کی حیثیت رکھتا ہے۔انہوں نے بتایا کہ پاکستان کے قومی ریل پلان 2026 کے تحت مال برداری میں ریل کا حصہ 20 فیصد تک بڑھایا جائے گا، جبکہ شاہراہوں پر ہر 50 کلومیٹر کے فاصلے پر 3 ہزار الیکٹرانک اسٹیشنز قائم کیے جائیں گے۔

بقیہ نمبر 07

کو نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اصل مسئلہ نئے صوبوں یا اضافی انتظامی یونٹس کا قیام نہیں بلکہ اختیارات، اتھارٹی اور وسائل کی مؤثر منتقلی کو یقینی بنانا ہے۔انہوں نے کہا کہ 18 ویں آئینی ترمیم کے بعد انتظامی، مالی اور فیصلہ سازی کے مزید اختیارات یونین کونسلز سمیت نچلی سطح تک منتقل کیے جانے چاہئیں تاہم یہ عمل تاحال زیر التوا ہے۔اس مقصد کے لیے مناسب ادارہ جاتی ڈھانچہ اختیار کیا جائے گا۔رانا ثناء اللہ نے کہا کہ اس معاملے پر بحث اور اختیارات و وسائل کی نچلی سطح تک منتقلی کے مؤثر نظام پر سیاسی جماعتوں میں اتفاق رائے پیدا کرنے کے لیے پارلیمنٹ موزوں فورم ہے۔انہوں نے کہا کہ نئے صوبوں کیقیام سے متعلق کوئی بھی فیصلہ پارلیمانی بحث اور مشاورت کے ذریعے کیا جائے گا جس میں تمام سیاسی جماعتوں اور متعلقہ فریقین کے مؤقف اور تحفظات کو مدنظر رکھا جائے گا۔

بقیہ نمبر 08

کی بنیاد پر اپنے دفتر میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔آج منعقدہ کھلی کچہری میں 23 سے زائد شہریوں نے شرکت کر کے اپنے مسائل براہ راست ڈی پی او بہاولپور کے سامنے پیش کیے۔تفصیلات کے مطابق وزیر اعلی پنجاب اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے ویژن اور احکامات کی روشنی میں منعقدہ کھلی کچہری کے دوران ڈی پی او رانا عبدالوہاب نے تمام سائلین کے مسائل فردا فردا تفصیل سے سنے اور متعلقہ افسران کو بذریعہ فون فوری قانونی کارروائی اور بروقت واپسی رپورٹ پیش کرنے کے احکامات جاری کیے۔ڈی پی او بہاولپور نے مختلف درخواستوں پر انکوائریوں کے احکامات جاری کرتے ہوئے ریکوری کے مقدمات میں متعلقہ تفتیشی افسران کو ہدایت دی کہ جلد از جلد ریکوری مکمل کر کے مال مسروقہ مدعیان کے حوالے کیا جائے اور اس ضمن میں رپورٹ پیش کی جائے۔انہوں نے واضح کیا کہ غفلت یا تاخیر کے مرتکب افسران کے خلاف محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔اس موقع پر ڈی پی او رانا عبدالوہاب کا کہنا تھا کہ کھلی کچہریوں کا مقصد وزیر اعلی پنجاب کے ویژن کے مطابق شہریوں کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنا اور عوام و پولیس کے درمیان اعتماد کے رشتے کو مزید مضبوط بنانا ہے۔شہریوں نے ڈی پی او بہاولپور کے اس اقدام کو سراہتے ہوئے کہا کہ مسائل کے فوری حل کے لیے پولیس افسران تک براہ راست رسائی ایک خوش آئند اور مثبت قدم ہے۔

بقیہ نمبر 09

پنجاب جرنلسٹس الائنس پاکستان کے کنسلٹنٹ کے طور پر فرائض انجام دیں گے انہوں نے اس سلسلے میں بانی جرنلسٹس الائنس پاکستان احسان احمد سحر کی استدعا منظور کر لی -ادھر جرنلسٹس الائنس پاکستان نے اپنے ایک پریس ریلیز میں جناب خالد سعید اور جناب نذیر خالد کی بطور کنسلٹنٹ تعیناتی پر اپنی خوشی کا اظہار کرتے ہوئے توقع ظاہر کی ہے کہ دونوں میڈیا ایکسپرٹس اپنے طویل تجربے کی روشنی میں جرنلسٹس الائنس پاکستان سے وابستہ پریس کلبوں کے اراکین کی نہ صرف رہنمائی کریں گے بلکہ مستقبل میں ان کے تربیتی تربیتی پروگراموں میں بھی معاون ثابت ہوں گے خیال رہے کہ جناب نذیر خالد ڈائریکٹر محکمہ تعلقات عامہ بہاولپور ڈویژن کے فرائض بھی انجام دے چکے ہیں اور انہوں نے 33 برس تک پنجاب کے مختلف علاقوں میں محکمہ اطلاعات کے ذمہ دار سینئر افسر کے طور پر خدمات سرانجام دی ہیں آپ ماضی میں رورل میڈیا نیٹ ورک پاکستان کے ماسٹر ٹرینرز کے طور پر مختلف تربیتی ورکشاپس میں شریک رہے اسی طرح جناب خالد سعید شمالی کوریا اور ہانگ کانگ میں بھی میڈیا ٹریننگ حاصل کرنے کے علاوہ ٹوکیو یونیورسٹی جاپان میں طویل عرصے تک ریسرچ کوارڈینیٹر تعینات رہے - آپ پاکستان پریس فاؤنڈیشن کے سابق چیف انسٹرکٹر کے منصب پر بھی فائز رہے اور تا حال رول میڈیا نیٹ ورک کے چیف انسٹرکٹر کے عہدے پر تعینات ہیں- جناب خالد سعید 2010 تا 2019 جنوبی پنجاب کے دور افتادہ علاقوں میں کامن ویلتھ جرنلسٹس ایسوسی ایشن، اقوام متحدہ کے ادارہ یونیسکو اور دوحہ سینٹر فار میڈیا فریڈم کے اشتراک سے منعقدہ رورل میڈیا نیٹ ورک پاکستان کے تربیتی پروگرامز کے چیف انسٹرکٹر کے طور پر خدمات انجام دے چکے ہیں

بقیہ نمبر 10

بلکہ خواتین کو مضبوط بنانے کا منصوبہ بھی ہے، یہ گھر خواتین کے نام پر ٹرانسفر کیے گئے ہیں، یہ دس لاکھ گھر روزگار کا بھی بہت بڑا موقع بنے۔بلاول بھٹو نے کہا کہ کچھ سیاستدان سمجھتے ہیں امیر طبقے کو ریسیٹ کریں، میں سمجھتا ہوں غریب عوام کو ریسیٹ کریں اس سے ملک ترقی کرے گا، کاروباری اور امیر طبقے کے کہنے پر نہیں بلکہ غریب آدمی کے کہنے پر چلیں تو ملک ترقی کرے گا۔بلاول بھٹو کا کہنا تھا کہ عوام سیاسی جماعتوں کی طرف دیکھ رہے ہیں کہ وہ ہمارے مسائل حل کریں نا کہ آپس میں لڑیں۔انہوں نے مزید کہا کہ سندھ اور بلوچستان میں سیلاب کے باعث کئی علاقے متاثر ہوئے، فضائی دورہ کیا تو لگا کہ سمندر کے اوپر سے گزر رہے ہیں، ہم نے اس وقت متاثرین سے وعدہ کیا تھا کہ گھر بنا کر دیں گے اور تین سال میں 10 لاکھ گھر بنا کر دے چکے ہیں، مزید 10 لاکھ گھر اور بھی بنا کر دیں گے۔اپنے خطاب میں بلاول بھٹو نے بتایا کہ سیلاب کے وقت وفاقی وزرا ہماری مخالفت کرتے تھے، اس وقت کے ورلڈ بینک کے لوگوں نے سندھ حکومت پر اعتبار کیا، خواہش تھی بلوچستان میں بھی متاثرین کو گھر بنا کر دیں گے، بلوچستان میں وفاقی حکومت نے ذمہ داری لی اور سندھ میں ہم نے ذمہ داری لی، وفاقی حکومت نے تین سال میں 30 ہزار گھر بنائے اور ہم نے 10 لاکھ گھر بنائے، اس ہاسنگ منصوبے سے بڑا ملک میں کوئی منصوبہ نہیں۔بلاول بھٹو کا کہنا تھا کہ سب سے زیادہ سندھ حکومت کی کردار کشی کی جاتی ہے، ہمارے مخالفین کہہ رہے تھے ہم پیسا بنانے کیلیے محنت کر رہے ہیں، وزیر اعلی سندھ سے کہتا ہوں کرپشن کی مانیٹرنگ کرنے والوں کو کہیں اس منصوبے کی مانیٹرنگ کریں، دعوی کرتا ہوں اس ہاسنگ منصوبے میں کوئی کرپشن نہیں ہوئی۔چیئرمین پی پی پی نے کہا کہ سال 2023 کے سیلاب میں سندھ کے تعلیمی ادارے تباہ ہوئے، ہر سیلاب کے بعد ہم نے سندھ کے تعلیمی ادارے بار بار بنائے، سندھ میں لٹریسی ریٹ کم ہے، زیادہ بچے اسکولوں سے باہر ہیں، اس کی وجہ ہے کہ باقی صوبوں نے ایسی صورتحال کا سامنا نہیں کیا۔بلاول بھٹو کا کہنا تھا کہ شہباز شریف کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے ہمارا ساتھ دیا، شہباز شریف سے پہلے جو وزیر اعظم تھا اس نے سیلاب میں ہمیں ایک روپیہ نہیں دیا، کہا کہ سندھ ہمارا نہیں۔چیئرمین پی پی پی نے کہا کہ خوشخبری ہے کہ وزیر اعظم اور ان کی ٹیم سے ملاقات ہوئی، ملاقات میں طے کیا کہ آپس کی کوآرڈینیشن کو مزید بہتر کیا جائے گا، جو ذمہ داری وفاق کی ہے وہ پوری کریں گے جو ہماری ہے ہم وہ پوری کریں گے۔بلاول بھٹو نے کہا کہ ہم سیاست میں عوام کی خدمت کے لیے آئے ہیں ان پر حکمرانی کرنے نہیں آئے، دعا ہے اسلام آباد والے بھی آپ پر حکمرانی کے بجائے آپ کی خدمت کا سوچیں۔

بقیہ نمبر 11

محمد اقبالؒ کے یوم ولادت کے موقع پر رشیدیہ آڈیٹوریم میں منعقدہ سیمینار بعنوان "فکرِ اقبال میں ثقافت کا تصور" کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔انہوں نے کہا کہ اقبال کی فکر کو نئی نسل تک منتقل کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے تاکہ نوجوان اپنے قومی، تہذیبی اور روحانی تشخص کو سمجھتے ہوئے ملک وقوم کی ترقی میں اپنا کردار ادا کرسکیں۔سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے ماہر تعلیم ڈاکٹر رمضان طاہر کاشمیری نے کہا کہ علامہ اقبال کا تصور ثقافت محض ظاہری رسوم و رواج تک محدود نہیں بلکہ یہ ہماری تہذیبی شناخت، فکری بالیدگی، اخلاقی اقدار اور روحانی تربیت کا عکاس ہے۔اقبال نے اپنی شاعری اور فکر کے ذریعے مسلمانوں کو اپنی تہذیبی روایات سے وابستہ رہنے اور خودی، خودداری اور قومی تشخص کو فروغ دینے کا درس دیا۔ماہر تعلیم ڈاکٹر محمد اصغر سیال نے اپنے خطاب میں کہا کہ علامہ اقبال کی فکر آج بھی ہمارے معاشرے کے لیے رہنمائی کا ایک اہم ذریعہ ہے۔اقبال نے نوجوان نسل کو علم، تحقیق، عمل اور بلند مقاصد کے حصول کا پیغام دیا۔ان کے نزدیک زندہ قومیں اپنی تہذیبی اقدار اور فکری ورثے کو محفوظ رکھتے ہوئے جدید دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ ہوتی ہیں۔اس موقع پر ذیشان علی ایڈووکیٹ نے علامہ اقبال کی شہرہ آفاق نظم "لوح بھی تو، قلم بھی تو" تحت اللفظ پیش کی۔سیمینار کے اختتام پر سوال و جواب کے سیشن کا انعقاد کیا گیا، جس میں شرکاء نے موضوع سے متعلق مختلف سوالات اٹھائے اور مقررین نے اپنے علمی وفکری خیالات کی روشنی میں ان کے مدلل جوابات دیے۔ڈائریکٹر پنجاب کونسل آف دی آرٹس، بہاولپور ڈویژن محمد سلیم قیصر نے تمام معزز مہمانوں، مقررین اور شرکاء کا شکریہ ادا کیا۔انہوں نے کہا کہ پنجاب کونسل آف دی آرٹس بہاولپور کا مقصد خطے کے ادبی، ثقافتی اور فکری ورثے کے فروغ کے ساتھ ساتھ قومی شخصیات کی خدمات اور افکار کو نئی نسل تک پہنچانا ہے۔یوم اقبال کے حوالے سے ایسی تقریبات کا انعقاد نوجوانوں میں علامہ اقبال کی فکر، فلسفہ خودی اور قومی وتہذیبی شعور اجاگر کرنے کی ایک مؤثر کاوش ہے۔سیمینار کے بعد جیون بینڈ کی جانب سے علامہ اقبال کے منتخب کلام کو موسیقی کی صورت میں پیش کیا گیا، جسے حاضرین نے بے حد پسند کیا اور محفل کو خوب سراہا۔اس موقع پر ممبر اسلامی نظریاتی کونسل پاکستان ملک اللہ بخش کلیار، سابق ڈپٹی ڈائریکٹر انفارمیشن سید عابد حسن رضوی، ڈاکٹر عبدالرزاق شائق ممبر ڈویژنل امن کمیٹی، سرادمحمد احمد خان جوئیہ ایڈووکیٹ سابق ممبر بورڈ آف گورنر بہاول جم خانہ، پروفیسر ڈاکٹر شاہد حسن رضوی سابقہ چیئرمین ڈیپارٹمنٹ آف پاک اسٹڈیز، میڈیا کے نمائندگان، آرٹسٹ کمیونٹی سے تعلق رکھنے والے فنکاروں، خطاطوں، ادیبوں، دانشوروں اور سول سوسائٹی کے نمائندگان سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی۔

بقیہ نمبر 12

عدالت اسلام آباد میں خاور مانیکا پر تشدد کے خلاف پی ٹی آئی کے حامی وکلاء کے کیس کی سماعت جج طاہر عباس سپرا نے کی، دوران سماعت عدالت نے فرد جرم کیلئے کل کی تاریخ مقرر کر دی۔جج طاہر عباس نے کہا کہ آپ لوگوں نے تماشا بنا لیا ہے، پیش ہی نہیں ہوتے، جب تک تمام ملزمان پورے نہیں ہوتے، اب کیس روزانہ کی بنیاد پر ہوگا۔عدالت نے ریمارکس دیئے کہ کبھی پنجوتھا صاحب فاتحہ پر ہوتے ہیں، کبھی کوئی کہیں، اس پر وکلاء صفائی نے کہا کہ سر ہم روزانہ پیش ہوتے ہیں، جو روزانہ پیش ہوتے ہیں ان کا کیا قصور ہے؟ جج طاہر عباس نے کہا کہ جو پیش ہو رہے ہیں وہ بھی ہمراہی ملزمان ہیں، آپ کل فرد جرم عائد کروا لیں، اگلی تاریخ مناسب دے دوں گا، بعد ازاں عدالت نے کیس کی سماعت کل 11 نومبر تک ملتوی کر دی۔

بقیہ نمبر 13

خان سعودی عرب کے شہر ریاض میں منعقدہ بین الاقوامی کانفرنس میں شرکت کے بعد واپس بہاول پور پہنچ گئے انہوں نے اپنے دورہ سعودی عرب کے دوران عمرہ کی سعادت بھی حاصل کی۔دوست احباب نے انہیں زرعی کانفرنس میں شرکت اور عمرہ کی سعادت حاصل کرنے پر مبارک باد پیش کی ہے

بقیہ نمبر 14

وکیل سردار لطیف کھوسہ کو راولپنڈی کی اڈیالہ جیل میں اپنے موکلوں سے ملنے کی اجازت دے دی ہے۔عدالت نے جیل کے حکام کو ہدایت دی ہے کہ کل ان وکلا کی سابق وزیراعظم اور ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی سے ایک گھنٹے تک ملاقات کروائی جائے۔اسلام آباد ہائیکورٹ کے چیف جسٹس سرفراز ڈوگر کی سربراہی میں دو رکنی بینچ نے یہ حکم مجرمان کی طرف سے ایک سو نوے ملین پاؤنڈ کے مقدمے (القادر ٹرسٹ کیس) میں سزا کے خلاف اپیلوں کی سماعت کے دوران دی۔سماعت کے دوران عدالت نے سابق وزیراعظم کے وکیل سلمان صفدر کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ وہ ملاقات کا یہ حکم قانون کے مطابق دے رہے ہیں اور یہ نہ ہو کہ آپ آکر عدالت سے استدعا کریں کہ پانچ مزید افراد کو عمران خان سے ملاقات کے لیے اڈیالہ جیل جانے والے افراد میں شامل کیا جائے۔بینچ کے سربراہ نے سلمان صفدر کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ چند روز قبل ان کی عمران خان اور بشریٰ بی بی سے ملاقات ہوئی تھی اور اب آپ دوبارہ ان سے کیوں ملاقات کرنا چاہ رہے ہیں، اس پر سلمان صفدر نے عدالت کو بتایا کہ ان کی ملاقات تو ضرور ہوئی لیکن وقت ناکافی تھا اس لیے ان کی اپنے موکل سے دوبارہ ملاقات ضروری ہے۔عدالت نے پہلے سردار لطیف کھوسہ کی بشریٰ بی بی اور عمران خان سے ملاقات کی اجازت دی اور پھر سلمان صفدر کو بھی اپنے موکل سے ملاقات کرنے کی اجازت دے دی۔اسلام آباد ہائیکورٹ کا کہنا تھا کہ یہ ملاقات اڈیالہ جیل میں ایک گھنٹے کے لیے ہوگی۔اس سے قبل اپیلوں کی سماعت کے دوران سلمان صفدر کا کہنا تھا کہ بشریٰ بی بی سے جب ان کی ملاقات ہوئی تو انہوں نے بتایا کہ چھ ماہ پہلے حکام انھیں سرجری کروانے لے گئے اور اب 15 نومبر دوبارہ میرا آپریشن کرنے جا رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ بشریٰ بی بی کی صحت سے متعلق میڈیکل بورڈ بننا چاہیے، سپریم کورٹ میں جیل حکام نے تسلیم بھی کیا کہ بشریٰ بی بی کی انکھوں کا مسئلہ ہے۔سلمان صفدر نے کہا کہ صحت کی بنیاد پر انہوں نے ابھی تک ضمانت کی درخواست دائر نہیں کی اور عدالتیں خواتین کے معاملے کو ہمیشہ سے نرمی سے دیکھتی ہیں۔انہوں نے کہا کہ بشریٰ بی بی کا جیل میں علاج ممکن نہیں، بشریٰ بی بی کا علاج ہو جائے تو ان اپیلوں پر بھی دلائل دے دیں گے۔اسلام آباد کے ایڈووکیٹ جنرل نوید ملک نے عدالت کو بتایا کہ بشریٰ بی بی کا جیل میں علاج ہو رہا ہے، علاج ہر کسی کا بنیادی حق ہے اور حکومت اپنی ذمہ داری سے غافل نہیں ہے۔ایڈووکیٹ جنرل نے بشریٰ بی بی کو کب کب علاج کی سہولتیں فراہم کی گئیں اس متعلق تفصیلات عدالت میں جمع کروائیں۔عمران خان کے وکیل نے عدالت سے استدعا کی کہ جیل حکام سے اس کی تفصیلات طلب کی جائیں۔انہوں نے کہا کہ ایک خاتون کی سرجری ہوتی ہے اور اسی روز انھیں واپس سیل میں بند کر دیا جاتا ہے، ڈاکٹرز نے ایمرجنسی میں سرجری کی اور اسے دوبارہ جیل میں فوری بند کرنا بالکل بھی ٹھیک نہیں۔سلمان صفدر کا کہنا تھا کہ بشریٰ بی بی ٹھیک ہو جاتی ہیں تو میں اپیل پر دلائل شروع کر دیتا ہوں۔نوید ملک نے عدالت کو بتایا کہ میڈیکل بورڈ آٹھ نومبر کو بھی بشریٰ بی بی کا چیک اپ کرنے گیا تھا۔

بقیہ نمبر 15

شیری رحمان، وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطاء اللہ تارڑ اور وزیراعظم کے مشیر طارق فاطمی بھی وزیراعظم کے ہمراہ ہیں۔وزیراعظم 11 نومبر 2026 کو عالمی رہنماؤں کے سربراہی اجلاس سے خطاب کریں گے، جس میں وہ عالمی برادری پر زور دیں گے کہ موسمیاتی تبدیلی کے باعث کرہ ارض کو درپیش خطرات سے نمٹنے کے لیے ٹھوس اور مؤثر اقدامات کیے جائیں۔وزیراعظم اپنے خطاب میں پاکستان کی جانب سے شمسی توانائی کے فروغ، قابل تجدید توانائی کی استعداد میں اضافے اور صاف و پائیدار توانائی کی جانب منتقلی کے لیے کیے جانے والے اقدامات کو اجاگر کریں گے۔وزیراعظم ترقی پذیر ممالک کی موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات سے نمٹنے کی صلاحیت بڑھانے اور پائیدار ترقی کے اہداف کے حصول کے لیے مستحکم، مناسب اور آسان رسائی پر مبنی موسمیاتی مالی معاونت کی فراہمی کی ضرورت پر بھی گفتگو کریں گے۔دورے کے دوران ان کی ترکیہ کی قیادت اور دیگر عالمی رہنماؤں سے دوطرفہ ملاقاتیں بھی متوقع ہیں۔ان ملاقاتوں میں دوطرفہ تعلقات، باہمی دلچسپی کے امور، علاقائی و عالمی صورتحال اور مختلف شعبوں میں تعاون کے فروغ پر تبادلہ خیال کیا جائے گا۔کوپ 31 کے عالمی رہنماؤں کے سربراہی اجلاس میں وزیراعظم کی شرکت موسمیاتی تبدیلی کے عالمی ایجنڈے کے لیے پاکستان کی بھرپور حمایت کا مظہر ہے۔یہ دورہ عالمی برادری کے ساتھ مل کر موسمیاتی بحران سے نمٹنے اور اس کے اثرات کم کرنے کے لیے پاکستان کے عزم کے اعادے کا اہم موقع فراہم کرے گا۔

بقیہ نمبر 16

گئے۔آپریشن کے دوران ہلاک دہشت گردوں کے قبضے سے جدید اسلحہ وہتھیار، کمیونیکیشن کا سامان اور نقدی برآمد ہوئی جس میں عام بلوچ شہریوں سے لوٹی گئی رقم بھی شامل ہے۔آپریشن کے بعد علاقے میں سرچ اور کلیئرنس آپریشن جاری ہے۔

بقیہ نمبر 17

کین ندیم حیدر چوہدری نے کین آفیسران کی میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تمام کین فیلڈ اسٹاف زمینداروں کو صاف ستھرا، معیاری اور کچرے سے پاک گنا ملز کو فراہم کرنے کے حوالے سے مکمل آگاہی اور رہنمائی دے۔ان شا اللہ کرشنگ سیزن کا آغاز ہونے جا رہا ہے اس لیے فیلڈ سرگرمیوں میں مزید تیزی لائی جائے کاشتکاروں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں اور گنے کی بہتر پیداوار کے ساتھ معیاری سپلائی یقینی بنانے کے لیے زمینداروں سے قریبی رابطہ برقرار رکھا جائے انہوں نے مزید کہا کہ آر وائی کے شوگر ملز رکن آباد کی بائر مینجمنٹ چیف فنانشل آفیسر منیر حسین چوہدری اور مینجنگ ڈائریکٹر مخدوم عمر شہریار کی خصوصی ہدایات اور وژن کے مطابق زمینداروں کو سہولیات اور ریلیف فراہم کرنے کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔کاشتکار ملز انتظامیہ کے اہم شراکت دار ہیں ان کے مسائل کا بروقت حل، بہتر روابط اور مفادات کا تحفظ ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہیں۔ملز انتظامیہ کرشنگ سیزن کے دوران بھی کسانوں کو ہر ممکن تعاون اور سہولیات فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے میٹنگ میں ڈی جی ایم کین ملک فیاض احمد سونگی، ثاقب عمران، جام اعجاز احمد، محمد الطاف ہمدانی، محمد عامر ملک، خالد محمود رندھاوا، سید احمد حسن سمیت دیگر کین آفیسران بھی موجود تھے۔۔۔

بقیہ نمبر 18

آباد میں امریکی سفارتخانے میں بطور ناظم الامور اپنی ذمہ داریاں سنبھالی تھیں اور وہ اس وقت پاکستان میں بطور امریکی ناظم الامور خدمات انجام دے رہی ہیں۔نیٹلی بیکر اس سے قبل امریکی سفارتخانہ دوحہ، قطر میں ڈپٹی چیف آف مشن بھی تعینات رہیں۔نیٹلی نے پرنسٹن یونیورسٹی سے بیچلرز کی ڈگری حاصل کی جب کہ انہوں نے ہارورڈ یونیورسٹی میں کینیڈی سکول آف گورنمنٹ سے پبلک پالیسی میں ماسٹرز کی ڈگری مکمل کی ہے۔نیٹلی بیکر امریکا کی نیشنل ڈیفنس یونیورسٹی کے نیشنل وار کالج کی 2017 کی مایہ ناز گریجویٹ ہیں۔اس کے علاوہ امریکی صدر نے جیفری کولائر کو متحدہ عرب امارات، سنتھیا کیرشٹ کو سینیگال اور ایان میک کیری کو مالی میں امریکی سفیر نامزد کیا ہے۔

بقیہ نمبر 19

میں حکومت کو متعدد مشکلات کا سامنا کرنا پڑا، تاہم آج سیلاب متاثرین سے کیے گئے وعدے کی تکمیل کا دن ہے، سندھ پیپلز ہاؤسنگ پروگرام کے تحت 10 لاکھ گھروں کی تعمیر مکمل کر لی گئی ہے، جو ایک تاریخی سنگ میل ہے۔وزیر اعلیٰ سندھ کا کہنا تھا کہ صوبے کے 23 اضلاع میں سیلاب متاثرین کے لیے 21 لاکھ موسمیاتی اثرات سے محفوظ گھر تعمیر کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے، تعمیر کیے گئے تمام گھروں کی جیو ٹیگنگ اور ڈیجیٹل مانیٹرنگ کے ذریعے تصدیق کی گئی ہے۔مراد علی شاہ نے کہا کہ منصوبے کے لیے عالمی بینک نے 50 کروڑ ڈالر جبکہ سندھ حکومت نے اپنے وسائل سے 17 کروڑ 90 لاکھ ڈالر فراہم کیے، ایشین ڈیولپمنٹ بینک، اسلامک ڈیولپمنٹ بینک اور یورپی انویسٹمنٹ بینک کے تعاون کے بھی شکر گزار ہیں۔اُن کا کہنا تھا کہ سندھ پیپلز ہاؤسنگ پروگرام کی اہم کامیابی خواتین کو خودمختار بنانا ہے، دیہی سندھ کی لاکھوں خواتین پہلی مرتبہ اپنے گھروں کی مالکن بنی ہیں، خواتین کے نام پر گھروں کی رجسٹریشن محض جائیداد کی ملکیت نہیں بلکہ ان کے تحفظ اور وقار کی ضمانت ہے۔وزیر اعلیٰ سندھ نے بتایا کہ گھروں کی تعمیر کے بعد اب صاف پانی، سینیٹیشن اور ڈرینج کے منصوبوں پر کام جاری ہے، تقریباً ایک ارب ڈالر کی مشترکہ سرمایہ کاری سے 4 ہزار 800 دیہات کو بنیادی سہولیات فراہم کی جائیں گی، حکومت نے ٹھیکیداروں کے بجائے متاثرہ خاندانوں کو خود اپنے گھر تعمیر کرنے کے لیے بااختیار بنایا۔مراد علی شاہ کا کہنا تھا کہ ایس پی ایچ ایف کی صرف 40 افراد پر مشتمل ٹیم نے ڈیجیٹل نظام کے ذریعے یہ تاریخی کام انجام دیا، تاہم اس منصوبے کے اصل ہیرو سندھ کے عوام ہیں جنہوں نے ہمت اور محنت سے اپنے گھر تعمیر کیے۔انہوں نے مزید کہا کہ 10 لاکھ گھروں کی تکمیل کے بعد اب سفر 21 لاکھ گھروں کے ہدف کی جانب جاری رہے گا، چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی قیادت میں عوام کی اُمیدوں کو حقیقت میں بدلنے کیلیے پرعزم ہیں۔

بقیہ نمبر 20

سب انسپکٹر کی ہلاکت کے مقدمے میں 10 سال قید بامشقت کی سزا سنادی۔بلوچستان ہائیکورٹ کے جسٹس محمد عامر نواز رانا اور جسٹس عبدالقیوم لہڑی پر مشتمل بینچ نے کیس کی سماعت کی، جس میں عدالت نے عبدالمجید اچکزئی کی سب انسپکٹر عطاء اللہ کی ہلاکت کے مقدمے میں بریت کے خلاف اپیل پر فیصلہ سنایا۔عدالت نے عبدالمجید اچکزئی کی بریت سے متعلق ایڈیشنل سیشن جج کی عدالت کا 4 ستمبر 2020 کا فیصلہ کالعدم قرار دیدیا اور سابق ایم پی اے کو تعزیرات پاکستان کی دفعہ 320 کے تحت مجرم قرار دیا۔ہائیکورٹ نے عبدالمجید اچکزئی کو مقتول کے قانونی ورثاء کو دیت کی رقم ادا کرنے، ان کے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری کرنے اور عبدالمجید اچکزئی کو فوری گرفتار کر کے جیل بھیجنے کا حکم دیا ہے۔واضح رہے کہ جون 2017 میں عبدالمجید اچکزئی کی گاڑی سے ٹریفک سب انسپکٹر کے کچلے جانے کا واقعہ پیش آیا تھا۔

بقیہ نمبر 21

ہے۔منگل کو سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر ایک بیان میں وزیراعظم نے کہا کہ وہ اس افسوسناک سانحے پر اپنے عزیز بھائی صدر رجب طیب اردوان، جاں بحق افراد کے لواحقین اور برادر ملک ترکیہ کے عوام سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہیں۔وزیراعظم نے زخمیوں کی جلد اور مکمل صحت یابی کے لیے دعا کرتے ہوئے کہا کہ دکھ اور غم کی اس گھڑی میں پاکستان اپنے ترک بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتا ہے۔

بقیہ نمبر 22

ہیں، لیکن قیمتیں کم ہونے پر عوام کو ریلیف نہیں دیا جاتا۔انہوں نے انتظامیہ کی عدم توجہی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ ٹرانسپورٹ کرایوں، سبزیوں، پھلوں اور دیگر اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں کمی یقینی بنانے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں تاکہ عوام کو حقیقی ریلیف مل سکے۔

بقیہ نمبر 23

لیفٹیننٹ جنرل (ر) محمد سعید نے تربیلا پانچویں توسیعی منصوبے کے اِن ٹیک میں پیش آنے والے واقعے کے بعد صورتحال کا جائزہ لیا۔چیئرمین واپڈا نے منصوبے کے اِن ٹیک سٹرکچر، سرنگ، پاور ہاؤس اور دیگر اہم مقامات کا دورہ کیا، اس موقع پر واپڈا کنسلٹنٹس، ٹھیکیدار اور واپڈا کی پراجیکٹ مینجمنٹ ٹیم نے صورتحال کے بارے میں بریفنگ دی۔ترجمان واپڈا کے مطابق تربیلا ڈیم کے مرکزی ڈھانچے یا اس کے کسی بھی اہم حصے کی مضبوطی اور سلامتی کو کوئی خطرہ لاحق نہیں ہے۔لیفٹیننٹ جنرل (ر) محمد سعید نے تمام پہلوؤں کا احاطہ کرنے والی تفصیلی رپورٹ جلد از جلد پیش کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے واقعے کی تمام پہلوؤں سے تحقیقات کے لیے محکمانہ انکوائری کا بھی حکم دے دیا۔وزارت آبی وسائل نے بھی واپڈا سے واقعے کی ابتدائی جائزہ رپورٹ طلب کی تھی۔

بقیہ نمبر 24

کو ان کے یوم ولادت کے موقع پر امریکا میں پاکستان کے سفیر رضوان سعید شیخ اور دیگر مقررین و شعرا نے زبردست خراج عقیدت پیش کیا۔تقریب میں سرکردہ پاکستانی کمیونٹی رہنماؤں، میڈیا نمائندگان اور زندگی کے مختلف شعبہ جات سے تعلق رکھنے والے افراد نے بھی شرکت کی۔سفیر رضوان شیخ نے کہا کہ شاعر مشرق علامہ اقبال نے اپنی شاعری، افکار اور تصانیف کے ذریعے برصغیر کے مسلمانوں میں خودی، خودمختاری اور خود ارادیت کا شعور بیدار کیا۔انہوں نے کہا کہ علامہ اقبال نے اپنی نثر اور نظم کے ذریعے اس ملت کو جگانے کی کوشش کی جو نوآبادیت کے زیر اثر فکری اور ذہنی پابندیوں کا شکار تھی۔پاکستان کے سفیر نے کہا کہ علامہ اقبال نے نوآبادیاتی پس منظر میں اپنے کلام کے ذریعے ملت سے رابطہ استوار کر کے راکھ میں چنگاری کی مانند قیام پاکستان کی تحریک کی فکری بنیاد ڈالی۔انہوں نے کہا کہ کلام اقبال کا محور خود شناسی کے ذریعے ایک قوم کو بیدار کرنا اور بالخصوص اس کے نوجوانوں کو متحرک کرنا تھا۔سفیر نے کہا کہ علامہ اقبال کے پیغام میں اسلامی اقدار، روحانیت اور ثقافت کے احیاء پر زور دیا گیا ہے۔رضوان سعید شیخ نے کہا کہ اقبال کے تصور خودی میں خود اعتمادی موجود ہے، ان کی بنیادی کوشش یہ تھی کہ مسلمانان برصغیر کو اپنی سیاسی اہمیت اور علیحدہ تشخص کا احساس دلایا جائے۔سفیر نے کہا کہ حکومت پاکستان فکر اقبال کو تعلیمی اداروں، قومی مباحث اور ترقیاتی ترجیحات کا مؤثر حصہ بنانے کے لیے پرعزم ہے، یہ سلسلہ 150 ویں سالگرہ تک جاری رہے گا۔انہوں نے کہا کہ کلام اقبال مختلف ادوار میں ہماری زندگیوں کا حصہ رہا ہے، ضرورت اس امر کی ہے کہ اس فکری اساس کو نئی نسل میں منتقل کیا جائے۔پاکستان کے سفیر نے کہا کہ ہمیں اپنی نوجوان نسل کو اُن درخشاں روایات سے روشناس کروانا ہے جن کے ہم امین ہیں اور ان کا ذکر فلسفہ اقبال میں ہے۔رضوان سعید شیخ نے کہا کہ علامہ اقبال کا تصور خودی خود شناسی، بامقصد جدوجہد اور روحانی آزادی کے ذریعے افراد اور اقوام کو اپنی تقدیر بدلنے کا درس دیتا ہے، اقبال کا تصور شاہین نوجوانوں کو جرات، بلند ارادے اور حصول کمال کا درس دیتا ہے۔انہوں نے کہا کہ اقبال کی شاعری میں معنویت، آفاقیت اور افادیت ہے، شاعر مشرق علامہ اقبال کی شاعری بذات خود ایک اجتہادی کاوش ہے، آج علامہ اقبال کے یوم ولادت کے موقع پر ہم اس عزم کی تجدید کرتے ہیں کہ ہم ایک خوشحال، پرامن اور متحد پاکستان کی تعمیر کیلئے کوشاں رہیں گے جس کا خواب علامہ اقبال نے دیکھا اور اور جو قائداعظم کی ولولہ انگیز قیادت اور برصغیر کے مسلمانوں کی لازوال قربانیوں کے باعث شرمند؟ تعبیر ہوا۔اس موقع پر مقررین اور شعرا نے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔مقررین نے کہا کہ ڈاکٹر محمد اقبال نے اپنی شاعری اور افکار کے ذریعے برصغیر کے مسلمانوں کو علیحدہ ملک کے حصول کیلئے جدوجہد کرنے کی ترغیب دی۔انہوں نے کہا کہ علامہ اقبال نے 1930 کے مسلم لیگ کے سالانہ اجلاس سے اپنے تاریخی خطاب میں مسلمانوں کیلئے ایک آزاد مملکت کا خاکہ پیش کیا جس نے بعد ازاں حقیقت کا روپ دھارا۔انہوں نے کہا کہ عظیم شاعر و مفکر علامہ اقبال نے برصغیر کے مسلمانوں کیلئے آزاد وطن کا خواب دیکھا تاکہ برطانوی ہندوستان میں مسلمان اپنے سیاسی حقوق حاصل کرسکیں اور ایک آزاد ملک میں ترقی کی منازل طے کریں۔اقبال کی شاعری اور عصر حاضر کے تقاضے کے موضوع پر پینل ڈسکشن کا بھی اہتمام کیا گیا۔اِس موقع پر صادقین گیلری ،شکاگو نے کلام اقبال پر مشتمل خصوصی فن پاروں کی تصویری نمائش کا بھی اہتمام کیا اور کلام اقبال پر مشتمل ویڈیو بھی دکھائی گئی جسے حاضرین محفل نے خوب سراہا۔تقریب کے دوران نامور شعرا نے اپنے کلام کے ذریعے علامہ اقبال کو خراج تحسین پیش کیا اور فکر اقبال کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالی۔سفارت خانہ میں اقبال ڈے کا انعقاد بزم حرف وسخن اور انٹرنیشنل اکیڈمی آف لیٹرز کے اشتراک سے کیا گیا اور فرسٹ سیکرٹری افراح طارق نے نظامت کے فرائض سرانجام دیئے۔تقریب کے اختتام پر منتظمین اور شرکاء نے سفیر پاکستان اور سفارت خانہ واشنگٹن ڈی سی شکریہ ادا کیا جس نے امریکی نژاد پاکستانیوں کو کلام اقبال سے مستفید ہونے کا شاندار موقع فراہم کیا

بقیہ نمبر 25

چیئرمین وزیراعظم یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خاں نے کہا ہے کہ خواتین کو بااختیار بنانا وزیراعظم کا نصب العین ہے، اس سال سٹارٹ اپس کے لیے خواتین کی شرح کو 30 فیصد تک لانا ہے، سٹارٹ اپس شروع کرنے میں خواتین کی شرح 11 فیصد رہی، حکومت ایس ایم ایز کے فروغ کے لیے اقدامات کر رہی ہے۔چیئرمین وزیراعظم یوتھ پروگرام نے کہا کہ بزنس اینڈ ایگریکلچر لونز نے ایس ایم ایز کے فروغ میں اہم کردار ادا کیا، ینگ سٹارٹ اپ کی نمو کے لیے کام کر رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ 2024 میں وزیراعظم بزنس اینڈ ایگریکلچر لونز منصوبے کی مد میں 100 ارب روپے قرضے دیئے گئے، ایک لون کم سے کم تین نوکریاں فراہم کرتا ہے۔رانا مشہود احمد خاں نے کہا کہ ٹریکٹر فور میں نوجوانوں کو ڈھائی کروڑ تک قرض دے رہے ہیں۔وزیراعظم محمد شہباز شریف کی خواہش ہے کہ معاشرے کے تمام طبقات یکساں ترقی سے ہمکنار ہوں، حکومت ایس ایم ایز کے فروغ کے لیے اقدامات کر رہی ہے۔

بقیہ نمبر 26

لیکری 07 اور بی ٹیکری کے 103 مجرمان اشتہاریوں کو گرفتار کیا۔دوران کارروائی غیر قانونی اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 05 عدد پسٹل، 01 بندوق، 01 عدد ریوالور اور 01 عدد کلاشنکوف برآمد کر کے ملزمان کو بند حوالات کیا۔اسی طرح منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیوں میں 631 گرام کرسٹل آئس، 4120 گرام چرس، 948 لیٹر شراب، 60 لیٹر لہن اور 01 عدد چالو بھٹی برآمد کی گئی۔مزید برآں، چوری وڈکیتی کی وارداتوں میں ملوث ایک گینگ کو گرفتار کر کے 50 لاکھ روپے مالیت کی ریکوری بھی عمل میں لائی گئی۔ڈی پی او رانا عبد الوہاب نے کہا کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی، منشیات فروشوں اور قانون شکن عناصر کے ساتھ آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا۔جرائم کا خاتمہ، مؤثر پولیسنگ اور عوام کا تحفظ بہاولپور پولیس کی اولین ترجیح ہے

بقیہ نمبر 27

ساعت کے لئے مقرر کرنے کی ہدایت کر دی۔درخواست گزاروں نے مؤقف اختیار کیا کہ حکومت نے 7 نومبر کو پنجاب میں بلدیاتی انتخابات کرانے کا عندیہ دیا ہے، یہ انتخابات غیر جماعتی بنیادوں پر کرائے جا رہے ہیں، جبکہ اس الیکشن کیلئے بیوروکریسی کو وسیع اختیارات دے دیئے گئے ہیں۔درخواست میں مزید موقف اختیار کیا گیا کہ فنڈز کی بندر بانٹ کی جا رہی ہے، عدالت سے استدعا کی گئی کہ پنجاب میں بلدیاتی انتخابات جماعتی بنیادوں پر کرانے کا حکم دیا جائے۔

بقیہ نمبر 28

کے لیے پنجاب انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی (پی آئی سی) منتقل کر دیا گیا ہے۔ذرائع کے مطابق چند روز قبل جیل میں قیام کے دوران شاہ محمود قریشی کی طبیعت اچانک خراب ہو گئی تھی، جہاں وہ اپنی بیرک میں چہل قدمی کر رہے تھے کہ اچانک چکر آنے کے باعث زمین پر گر پڑے۔ذرائع کا بتانا ہے کہ بیرک میں گرنے کے نتیجے میں پی ٹی آئی کے وائس چیئرمین کے جسم کے مختلف حصوں پر چوٹیں آئیں، خصوصاً ان کے گھٹنے اور بازو پر شدید چوٹیں لگیں۔واقعے کے فوراً بعد جیل حکام نے ابتدائی طبی امداد کے ساتھ شاہ محمود قریشی کے بلڈ سیمپلز (خون کے نمونے) حاصل کر کے تجزیے کے لیے شوکت خانم ہسپتال بھجوائے تھے، تاہم اب انہیں مزید تفصیلی طبی معائنے اور ضروری ٹیسٹوں کے لیے پی آئی سی ہسپتال منتقل کیا گیا ہے جہاں ماہر ڈاکٹرز ان کا طبی معائنہ کر رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 29

میں وزارت دفاع کے حکام بھی پیش ہوئے۔سماعت کے دوران وزارت دفاع کے حکام نے بتایا کہ کنٹونمنٹ بورڈز میں انتخابات کی تاریخ کے اعلان سے متعلق درخواست وفاقی حکومت کو بھجوا دی گئی ہے، تاہم ابھی تک وفاقی حکومت کی جانب سے کوئی جواب موصول نہیں ہوا۔حکام کے مطابق وفاقی حکومت نے انتخابات کی تاریخ کے تعین کے لیے الیکشن کمیشن سے رجوع کرنا ہے، جبکہ دو کنٹونمنٹ بورڈز کی حلقہ بندیاں بھی مکمل کرنا باقی ہیں۔اس موقع پر وزارت دفاع کے مشیر قانون نے استدعا کی کہ کنٹونمنٹ بورڈز میں بلدیاتی انتخابات کے لیے حلقہ بندیوں کا عمل مکمل کرنے کی خاطر جنوری 2027 تک مہلت دی جائے، انہوں نے بتایا کہ انہیں الیکشن کمیشن سے مزید وقت دینے کی درخواست کرنے کی ہدایت ملی ہے۔ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل ملٹری لینڈز نے کمیشن کو یقین دہانی کرائی کہ جنوری 2027 تک کنٹونمنٹ بورڈز کی حلقہ بندیاں مکمل کر لی جائیں گی۔چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ نے تاخیر پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وفاقی حکومت وزارت دفاع کو بھی جواب نہیں دے رہی اور الیکشن کی تاریخ دینے کے لیے الیکشن کمیشن سے رجوع بھی نہیں کیا جا رہا۔انہوں نے ریمارکس دیے کہ جہاں حلقہ بندیاں مکمل ہونا باقی ہیں، ان علاقوں کے علاوہ دیگر مقامات پر بلدیاتی انتخابات کروا لیے جائیں، بلدیاتی انتخابات ملتوی کرنے کی کوئی منطقی وجہ نظر نہیں آ رہی۔بعد ازاں الیکشن کمیشن نے کنٹونمنٹ بورڈز میں بلدیاتی انتخابات کے انعقاد سے متعلق کیس کا فیصلہ محفوظ کر لیا۔

بقیہ نمبر 30

مانسہرہ اور ایبٹ آباد میں بارش متوقع ہے جبکہ پشاور، مردان، صوابی، نوشہرہ، چارسدہ اور کوہاٹ سمیت میدانی اضلاع میں بھی بارش کا امکان ہے۔محکمے کے مطابق بالائی پہاڑی علاقوں میں ہلکی برف باری اور بعض مقامات پر ژالہ باری کی پیشگوئی کی گئی ہے جبکہ بارشوں کے دوران پہاڑی علاقوں میں لینڈ سلائیڈنگ کا خدشہ ہے۔پی ڈی ایم اے نے سیاحوں اور مسافروں کو پہاڑی علاقوں میں سفر کے دوران احتیاط برتنے کی ہدایت کی ہے۔بارشوں کے بعد میدانی علاقوں میں بعض مقامات پر دھند چھائے رہنے کا امکان بھی ظاہر کیا گیا ہے۔پی ڈی ایم اے کے مطابق بارشوں کے باعث دن کے درجہ حرارت میں 2 سے 4 ڈگری سینٹی گریڈ کمی متوقع ہے۔پی ڈی ایم اے نے تمام ضلعی انتظامیہ کو پیشگی حفاظتی اقدامات یقینی بنانے، حساس مقامات، ندی نالوں اور دریاؤں کی مسلسل نگرانی کرنے جبکہ متعلقہ اداروں کو کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے الرٹ رہنے کی ہدایت کی ہے۔

بقیہ نمبر 31

غذائی تحفظ و تحقیق رانا تنویر حسین اور ترکیہ کے وزیر زراعت و جنگلات عزت مآب ابراہیم یوماکلی کے درمیان ہونے والی ملاقات میں طے پایا۔ملاقات کے دوران رانا تنویر حسین نے تقریب میں مدعو کرنے پر اپنے ترک ہم منصب کا شکریہ ادا کیا اور تقریب کے بہترین انتظامات کو سراہا۔انہوں نے کہا کہ وزیراعظم پاکستان برادر ملک ترکیہ کے تعاون کو انتہائی اہمیت دیتے ہیں اور مویشی بانی کے شعبے میں ترکیہ کی مہارت اور صلاحیتوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔وفاقی وزیر نے برلن میں ترک وزیر کے ساتھ ہونے والی اپنی سابقہ ملاقات کا حوالہ دیتے ہوئے بتایا کہ انہوں نے مویشی بانی کے شعبے میں تعاون کے امکانات کا جائزہ لینے کے لیے ترک وفد کو پاکستان کا دورہ کرنے کی تجویز دی تھی۔اس تجویز پر فوری عمل کرتے ہوئے ترکیہ نے اپنے ڈائریکٹر جنرل لائیو اسٹاک کی سربراہی میں ایک وفد پاکستان بھیجا، جس پر وفاقی وزیر نے ترک ہم منصب کا شکریہ ادا کیا۔ترک وفد کے دورہ پاکستان کے بعد پاکستان نے بھی حال ہی میں مویشی بانی کے شعبے کے تکنیکی ماہرین پر مشتمل ایک وفد ترکیہ بھیجا۔پاکستانی وفد نے ترکیہ میں مویشیوں کی سہولیات، فارمز، مذبح خانوں اور سرکاری و نجی شعبوں میں ویکسین تیار کرنے والے اداروں کا دورہ کیا تاکہ مویشی بانی کے شعبے میں ترکیہ کے تجربات، بنیادی ڈھانچے اور تکنیکی صلاحیتوں کا جائزہ لیا جا سکے۔پاکستانی وفد نے اپنے دورے کے نتائج پر مشتمل رپورٹ وزارت قومی غذائی تحفظ وتحقیق کو پیش کی، جبکہ اہم مشاہدات وزیراعظم پاکستان کے سامنے بھی پیش کیے گئے تاکہ ان پر غور اور مزید اقدامات کیے جا سکیں وفاقی وزیر نے اپنے ترک ہم منصب کو آگاہ کیا کہ وزیراعظم پاکستان کی ہدایات پر ایک سال کے اندر منہ کھر کی ویکسین تیار کرنے کی سہولت مکمل کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔اس سلسلے میں دو منصوبوں پر کام جاری ہے، جن میں سے ایک حکومتِ پنجاب جبکہ دوسرا وفاقی سطح پر شروع کیا گیا ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ ایف ایم ڈی فری زون منصوبے کی کامیاب تکمیل کے بعد پاکستان ترکیہ کو گوشت برآمد کرنے کا ارادہ رکھتا ہے۔دونوں جانب سے ان شعبوں میں باہمی بنیادوں پر تعاون کو آگے بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔رانا تنویر حسین نے کہا کہ پاکستان مویشی بانی، بیماریوں پر قابو پانے اور ویکسین کی تیاری کے شعبوں میں ترکیہ کی تکنیکی مہارت کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے اور اس کے تجربات سے استفادہ کرنے کا خواہاں ہے۔انہوں نے اس اعتماد کا اظہار کیا کہ دوطرفہ تعاون میں اضافے سے پاکستان کے مویشی بانی کے شعبے کو مزید مستحکم بنانے اور دونوں برادر ممالک کے درمیان زرعی تجارت کے نئے مواقع پیدا کرنے میں مدد ملے گی۔ملاقات کے اختتام پر وفاقی وزیر رانا تنویر حسین نے ترکیہ کے وزیر زراعت و جنگلات عزت مآب ابراہیم یوماکلی کو یادگاری شیلڈ پیش کی۔

بقیہ نمبر 32

کریں گے۔منگل کو ترجمان دفتر خارجہ کی جانب سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم 11 نومبر کو عالمی رہنماؤں کے سربراہی اجلاس سے خطاب کریں گے جس میں وہ عالمی برادری پر زور دیں گے کہ وہ کرہ؟ ارض کو موسمیاتی تبدیلیوں کے منفی اثرات سے محفوظ رکھنے کے لیے ٹھوس اقدامات کرے۔وزیراعظم پاکستان کی جانب سے تیزی سے شمسی توانائی کے فروغ اور قابل تجدید توانائی کی استعداد میں اضافے کے لیے کیے جانے والے اقدامات کو اجاگر کریں گے جو صاف ستھری اور موسمیاتی تبدیلیوں کے مقابلے میں زیادہ مستحکم معیشت کی جانب منتقلی کا حصہ ہیں۔وزیراعظم محمد شہباز شریف آفات سے نمٹنے کی تیاری اور قبل از وقت انتباہی نظام کو مزید مؤثر بنانے کے لیے پاکستان کی کوششوں پر بھی روشنی ڈالیں گے۔

پبلشر
احسان احمد سحر
پرنٹر
نسیم اختر
مطبع
گردیزی پرنٹنگ پریس بہاولپور
مقام اشاعت
535-536 سرور شاہ سٹریٹ احمد پور شرقیہ

